فوری ریلیز کے لیے: 29/11/2022

گورنر KATHY HOCHUL

گورنر HOCHUL نے فنکاروں اور تنظیموں کی ریکارڈ تعداد کے لیے فنڈنگ برائے تاریخی فنون کا اعلان کیا ہے

مالی سال 2023 کے بجٹ میں غیر معمولی $340 ملین کی ریاستی امداد برائے آرٹس کے حصے کے طور پر تقریباً $45 ملین گرانٹس دی گئیں

گزشتہ ماہ گرانٹس کی مد میں $32 ملین دینے کے گورنر Hochul کے اعلان پر استوار

گورنر Kathy Hochul نے آج ریاست نیویارک کونسل برائے آرٹس کے ذریعے گرانٹ ایوارڈز کی مد میں تقریباً $45 ملین کا اعلان کیا۔ ریاستی فنڈنگ برائے آرٹس کی ریکارڈ سطح کے ذریعے، یہ گرانٹس 1,200 سے زائد آرٹس کی تنظیموں اور 426 فنکاروں کو معاونت دیں گی جیسا کہ وہ عالمی وبا سے پہلے کی صلاحیت اور تخلیقی سطح پر دوبارہ واپس آئیں گے۔

"کئی سو سالوں سے، ہماری ثقافت، تنوع، اور تخلیقی صلاحیتوں کی وجہ سے دنیا بھر کے فنکاروں نے نیویارک کو اپنا گھر کہا ہے،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "ان کی اختراعات ہماری معیشت، ہماری سیاحتی انڈسٹری اور ہماری کمیونٹیز کے استحکام اور فلاح و بہبود کے لیے ایندھن کی حیثیت رکھتی ہیں، اور اس سال کا تاریخی عزم عالمی وبا سے ہماری متواتر بحالی اور ایک مضبوط مستقبل کی راہ متعین کرے گا۔"

معاونتی گرانٹس برائے تنظیم 1,214 آرٹس گروپس کو $38,452,500 فراہم کرے گی جن میں میوزیمز، پروگرامز برائے بصری فنون، آرٹس کی تعلیمی تنظیمیں، اور موسیقی، رقص، اور تھیٹر کمپنیز شامل ہیں۔ معاونتی گرانٹس برائے فنکار 426 فنکاروں کو $4,260,000 فراہم کریں گی۔ خصوصی مواقع کی گرانٹس انفرادی فنکاروں کے لیے لوک آرٹ تربیت، پرفارمنگ آرٹس اور پرفارمنگ آرٹس کی رہائش گاہوں کے لیے ریہرسل اور اسٹوڈیو کی جگہوں کی معاونت دینے کے لیے $1,737,450 فراہم کریں گی۔ ریاستی کمیونٹی ری گرانٹ شراکت داروں کی مدد کے لیے اضافی فنڈنگ فراہم کی گئی۔

2021 میں، NYSCA نے ریاست بھر میں آرٹ کی فنڈنگ تک زیادہ سے زیادہ رسائی کی اجازت دینے کے لیے اپنی فنڈنگ کی حکمت عملیوں پر نظر ثانی کی اور فنکاروں کے لیے اپنی معاونت کے دوبارہ عزم کا اظہار کیا۔ نتیجتاً، NYSCA نے اپنی فنڈنگ برائے فنکار میں 400 فیصد اضافہ کیا اور پہلی بار کے درخواست گزاروں کے 83 فیصد کو گرانٹس عطا کیں۔

جن فنکاروں اور تنظیموں کو گرانٹس دی گئی ہیں ان کی مکمل فہرست یہاں ہے۔

اکتوبر میں، گورنر Hochul نے 1,032 تنظیموں کے لیے گرانٹ کی مد میں $32 ملین کا اعلان کیا، جن میں ریاست بھر میں ریاستی کمیونٹی ری گرانٹ شراکت دار، آرٹس کی شراکت داریاں، اور آرٹس کی تنظیمیں شامل ہیں۔ NYSCA کا ریکارڈ گرانٹ تشکیلی بجٹ مالی سال 2023 کے لیے $140 ملین پر مشتمل ہے، نیز ایک اضافی $100 ملین کی کثیر سالہ سرمایہ جاتی فنڈنگ شامل ہے تاکہ بڑے پیمانے پر سرمائے کے ان پروجیکٹس کو سہولت فراہم کی جا سکے جو کمیونٹی کی ترقی اور جگہ سازی کو ترجیح دیتے ہیں۔ NYSCA سرمایہ جاتی پروجیکٹس فنڈ

کے لیے درخواستیںاب 12 جنوری 2023 تک قبول کر رہا ہے۔ مالی سال 2023 کے بجٹ میں امپائر سٹیٹ ڈویلپمنٹ کے زیر انتظام نیویارک سٹی میوزیکل تھیٹر ٹیکس کریڈٹ میں 100$ ملین کی توسیع بھی شامل ہے۔

ریاست نیویارک کی کونسل برائے آرٹس کی ایگزیکٹیو ڈائریکٹر Mara Manus نے کہا، "ہم آرٹس میں تاریخی سرمایہ کاری کے لیے گورنر Hochul اور اپنی ریاستی مجلس قانون ساز کے بے حد مشکور ہیں۔ فنڈنگ کی اس بے مثال سطح اور آرٹس تک رسائی میں اضافہ کرنے کے لیے NYSCA کی مسلسل کوششوں نے گرانٹیز کی ریکارڈ تعداد قائم کی ہے۔ یہ 1,200 ریاست گیر گرانٹس تخلیقی کارکنوں اور تمام حجم کی آرٹس کی تنظیموں کو اہم معاونت فراہم کریں گی۔ ہم جانتے ہیں کہ اس اہم گرانٹ کی تشکیل کی مدد سے، نیویارک کے باشندے اور ہمارے شائقین آنے والی دہائیوں تک آرٹس کے شعبے میں اس سرمایہ کاری کے قابل پیمائش فوائد کا براہ راست تجربہ کریں گے۔"

ریاست نیویارک کونسل برائے آرٹس کی صدر Katherine Nicholls نے کہا، "کونسل اور ہمارے عملے کی جانب سے، میں آرٹس کی اس بے مثال فنڈنگ کے لیے گورنر اور مجلسِ قانون ساز کا شکریہ ادا کرنا چاہتی ہوں۔ ہماری معیشتوں اور ہماری فلاح و بہبود کے لیے ایک باثر شراکت دار، آرٹس کی تنظیمیں اور فنکار ہماری ترقی اور ہماری خوشحالی کے لیے ضروری ہیں۔ مجھے خوشی ہے کہ ہم آرٹس کے لیے عالمی وبا سے بحالی کے حصے کے طور پر ان کی تخلیقی صلاحیتوں اور اختراعات کو معاونت دینے کے قابل ہیں۔"

ریاستی سینیٹر Jose Serrano نے کہا، "فنکار ہماری کمیونٹیز میں توانائی اور تحریک لاتے ہیں۔ میں NYSCA کی ان اہم کارکنان کو مزید معاونت دینے کی کوششوں نیز ریاست بھر میں ہماری آرٹس کی تنظیموں کی ریکارڈ تعداد کو سراہتا ہوں۔ نیویارک کے عظیم ترین وسائل میں سے ایک، آرٹس اس تاریخی معاونت کے ساتھ فروغ پاتا رہے گا۔"

رکن اسمبلی Daniel O'Donnell نے کہا، "NYSCA کے لیے یہ نیا متاثر کن ہائی واٹر مارک نیویارک بھر میں آرٹس کی طاقت کی تصدیق کرتا ہے۔ سیاحت، پارکس، آرٹس اور کھیلوں کی ترقی سے متعلق کمیٹی کے صدر کے طور پر، میں مجلسِ قانون ساز میں اپنے ساتھیوں اور گورنر Kathy Hochul کے تعاون کے لیے شکر گزار ہوں جو ہماری ریاست میں آرٹس کے لیے فنڈز میں اضافہ کرنے کے لیے کام کر رہے ہیں۔ میں NYSCA کو مزید درخواست دہندگان تک اس اہم معاونت کی فراہمی کی کامیابی، یوں ہماری ریاست بھر کی کمیونٹیز کے لیے اہم فنڈنگ تک رسائی کو آگے بڑھانے پر مبارکباد پیش کرتا ہوں۔"

ریاست نیویارک کونسل برائے آرٹس کا تعارف
NYSCA آرٹس اور ثقافت کو تحفظ اور ترقی دیتی ہے جو ریاست نیویارک کو رہائش، کام اور تشریف آوری کی ایک غیر معمولی جگہ بنا دیتی ہے۔ کونسل نیو یارک کے تمام باشندوں کے اس حق کو برقرار رکھتی ہے کہ وہ ہمارے علاقوں، تعلیم، معاشی ترقی اور معیارِ زندگی میں فنون لطیفہ کی اہم شراکت کا تجربہ کریں۔ ریاست نیویارک میں آرٹس کی جاری بحالی میں مدد کے لیے، NYSCA مالی سال 2023 میں ریکارڈ فنڈنگ فراہم کرے گی، جس میں آرٹس کی مکمل وسعت میں مدد فراہم کی جائے گی۔

NYSCA تجربہ کار رہنماؤں کو مدعو کر کے اور تنظیمی اور پیشہ ورانہ ترقی کے مواقع اور معلوماتی وسائل فراہم کر کے نیویارک کی تخلیقی ثقافت میں مزید پیش رفت کرتی ہے۔ گورنر Nelson Rockefeller کی جانب سے سنہ 1960 میں تخلیق کردہ اور گورنر Kathy Hochul اور ریاست نیو یارک کی مجلس قانون ساز کے تعاون سے جاری رکھی گئی، کونسل ایک ایسی ایجنسی ہے جو ایگزیکٹیو برانچ کا حصہ ہے۔ NYSCA کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، براہ کرمNYSCA، http://www.arts.ny.gov کا Facebook صفحہ، Twitter @NYSCArts اور @NYSCouncilontheArts Instagram کو ملاحظہ کریں، اور فالو کریں۔

###